لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۶ جمادی الاول سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت گرداور قانونگوئے بلاسپور	۱
۲	اضافہ ذاکر سواران و فہرست شائقین	۲
۳	اضافہ ذاکر شکستہ شائقین	″
۴	اضافہ شوکت علی خان اکاؤنٹنٹ	″
۵	انتظام اسامی خلیل الرحمن خان متوفی منصرم جانچ	″
۶	مستقلی نقل نویس تحصیل ٹانڈہ	″
۷	انتظام اسامی مظفر حسین خان اہلمد صادرہ	″
۸	ہدایت نسبت کارروائی دفعہ ۵۱۲	″
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مبارک علیخان گرداور قانونگوئے تحصیل بلاسپور کی رخصت چھ ماہ بعوض ناصر علیخان پسر شان الیہ منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب استدعاء کرنل صاحب بہادر افواج۔ سید سعادت علی ڈاکٹر شفاخانہ سواران و فرسٹ بٹالین وغیرہ کی تنخواہ موجودہ چھیاسٹھ روپیہ ماہوار مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا آیندہ اکہتر روپیہ ماہوار تنخواہ اور پندرہ روپیہ ماہوار ہارس الاونس ملیگا۔

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب استدعاء کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج۔ سید کاظم علی ڈاکٹر شفاخانہ سکنڈ بٹالین وغیرہ مشاہرہ دار ساٹھ روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب استدعاء کپتان رابرٹسن صاحب ٹیوٹر صاحبزادہ صاحبان بابو کے پی ورما کلرک مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کا استعفا یکم جنوری سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور ہوا اور اسی تاریخ سے شوکت علیخان اسسٹنٹ کا دس روپیہ ماہوار اضافہ بحیثیت تنخواہ کلرک مذکور سے عمل مین آیا۔

حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر واقع ۷ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

آڈٹ مین منصرمی جانچ کے کام پر خلیل الرحمن خان مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار ملازم تھے انکا انتقال ہوگیا ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ نے انتظام آیندہ کے بابت جو صورت ظاہر کی ہے اسمین اس عہدہ منصرمی جانچ کے قائم رہنے کی ضرورت نہین ظاہر کیگئی ہے یہ انتظام مناسب ہے منظور ہے اس عہدہ کی آیندہ ضرورت نہین ہے۔ ممبر صاحبان بورڈ آڈٹ مثل دوسرے آڈٹ کے کام کو اپنی نگرانی و ذمہ داری مین انجام دین چلانہ فارم جو سامان برائے جانچ آیا کرے اسکی ساتھ تجربہ پیشکاران دفاتر و منصرمان کارخانجات ممبر صاحبان بورڈ کے پاس بھیجا کرین۔ جس اہلمد آڈٹ سے یہ کام لیا جائے وہ ہر مہینہ تبدیل ہوتا ہے۔ نیاز بہادر خان کی تنخواہ موجودہ مین چار روپیہ ماہوار اور گیاسی رام اہلمد کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے سید شاہ ابو القاسم کا تقرر پندرہ روپیہ ماہوار پر منظور ہے اضافہ اور تقرر کا عمل درآمد یکم جنوری سنہ ۱۹۲۲ء سے کیا جائے نام خلیل الرحمن خان کا صیغہ ملازمت سے خارج کیا جاوے احکام عمل جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

نقل احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

مستقلی

۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک و ناظم صاحب بزمد علی نقلنویس تحصیل ملک ۵ جنوری سنہ حال سے بوجہ ختم مدت امتحانی بحسن کارگذاری مستقل کیا گیا۔

موقوفی و تقرر

۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

مظفر حسین خان معاون اہلمد معافی تنخواہ دار دس روپیہ ماہوار کا نام حسب حکم صاحب حاکم صاحب معافی بوجہ غیر حاضری ملازمت سے خارج کیا گیا اور عباس علیخان معاون اہلمد مشاہرہ دار نو روپیہ ماہوار موجودہ روپیہ اضافہ تین روپیہ بجائے مظفر حسین خان اور بجائے عباس علیخان نور اکبر علیخان معاون اہلمد مشاہرہ دار تیرہ روپیہ اضافہ دو روپیہ مقرر ہوا اور بجائے عباس علیخان امیدوار کا تقرر بجائے اکبر علیخان بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار منظور ہوا

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری کا منشا یہ ہے کہ بعض شہادت مفروری ملزم قلمبند کیجائے بوجہ از انکہ بعض اوقات مثلاً جب کہ مقدمہ چالان یا استغاثہ کسی مجسٹریٹ کے سامنے ایسا پیش ہو کہ ملزم اس مقدمہ کا روپوش ہو تو بجائے روپوشی ملزم کی شہادت لیجائیگی اور جب ایسی شہادت ملزم کی نسبت گذر جاوے تب اس مقدمہ مین شہادت بنا بر منشاء غیبت ملزم مین قلمبند کیجائیگی اور یہ شہادت اور کارروائی دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری کی ہیگی اور جب ملزم گرفتار ہوکر آئیگا تو وہ شہادت ثبوت منشاء کے کارروائی دفعہ ۵۱۲ ہوئی ہو وہ ازسرنو روبرو ملزم قلمبند ہوگی اور اگر کارروائی دفعہ ۵۱۲ کا کوئی گواہ فوت یا لاپتہ ہوگیا ہوگا تو فوتی یا لاپتہ ہونے کی شہادت لینے کے بعد وہ شہادت قلمبند شدہ دفعہ ۵۱۲ شامل مثل کیجائیگی یہان عدالتون مین بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ روپوشی ملزم کا ثبوت نہین لیا جاتا ہے بلکہ ابتداء ہی منشاء کی شہادت قلمبند کیجاتی ہے اور اسکو کارروائی دفعہ ۵۱۲ پر محمول کیا جاتا ہے نیز نقل شہادت سابقہ اس مقدمہ مابعد مین پیش کردیجاتی ہے اور یکجائی حکم شہادت سابقہ قلمبند کرنے والے مجسٹریٹ کا خیال کیا جاتا ہے جس سے وہی شہادت سابقہ کارروائی قلمبند ہوا ہو ثابت ہو یہ سب غلط کارروائی ہے اور پولیس پیروکاران سرکار کی بھی غلطی ہے۔ لہذا عدالتہای فوجداری کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ آیندہ کارروائی دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری حسب منشاء قانون کیجائے نیز حکم ہوا کہ ایک ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ عدالتہائے فوجداری مین واسطے اطلاع اور ایک نقل سپرنٹنڈنٹ پولیس اور جوڈیشل صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بھیجی جائے اور ایک نقل صیغہ گزٹ ہو۔ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخ اجناس ریاست رامپور از ابتدا ۔۔ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۰۰۲	۱۰۲		۱۰۲	
نخود خالص			۴	۴		۴	
نخود کنت آمیز			۴	۳		۴	
کنسہ			۴	۵		۵	
ماش			۶	۶		۶	
مونگ			۵	۶		۵	
مکا			۶	۶		۶	
جئی			.	۷		۷	
گوجئی			.	۵		۵	
عدس			.	[illegible]		.	
ارہر			.	۵		.	
برنج			۴	۴		۴	
روغن زرد			[illegible]	۰		[illegible]	
روغن سیاہ			[illegible]	۱		[illegible]	
روغن کنجد			[illegible]	[illegible]		[illegible]	
نمک سانبھر			۱۳	۹		[illegible]	
نمک لاہوری			۶	۵		[illegible]	
قند سیاہ			[illegible]	۳		۳	
باجرہ			۵	۵		.	[illegible]

[illegible]